ستمبر 2021	B.Ed Regular (بی۔ایڈ (ریگولر	II Semester دوسرا سمسٹر

Paper - BBED211CCT : Learning and Teaching

گھنٹے **3** Hrs : وقت : Time — Maximum. Marks **70** : جملہ نشانات

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو(100) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو(250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(10x3 = 30 Marks)**

حصہ اول

1. ذہانت کی تعریف اور اس کے اقسام بیان کریں۔
2. کرداری طرز رسائی سے کیا مراد ہے؟ واضح کریں۔
3. ’’تخلیقیت (Creativity) ایک عمل بھی ہے۔‘‘ کسی ماہر نفسیات کے حوالے سے اس بیان کا جواز پیش کریں۔
4. تدریس کے بعد تعاملی مرحلہ (Post-Active Phase of Teaching) پر روشنی ڈالیے۔
5. رویہ (Attitude) کی تشکیل کیسے ہوتی ہے؟ بیان کریں۔
6. تدریسی مقاصد میں جذباتی علاقہ کی مختلف سطحوں پر نوٹ تحریر کریں۔
7. معکوسی تدریس (Reciprocal Reaching) کس طرح عمل پذیر ہوتی ہے؟ بیان کریں۔
8. باہمی تعاون پر مبنی تدریس کی خوبیاں اور خامیاں بیان کریں۔
9. معلم کا پیشہ ورانہ فروغ کیوں ضروری ہے؟ واضح کریں۔
10. کمرۂ جماعت کے انتظام میں معلم کے کردار کی اہمیت بیان کریں۔

حصہ دوم

11. انداز آموزش کیا ہے؟ ایک معلم کمرۂ جماعت میں مختلف اقسام کے آموزشی انداز اور تدریسی انداز کے مابین ہم آہنگی کیسے پیدا کر سکتا ہے؟ مثال کے ساتھ واضح کریں۔
12. تنقیدی سوچ کیا ہے؟ بحیثیت معلم آپ بچوں میں تنقیدی سوچ کی نشو ونما کیسے کریں گے۔ مثال کے ساتھ واضح کریں۔
13. ’’جدید منتظمہ (Advanced Organiser) سے کیا مراد ہے؟ بحیثیت معلم آپ ثانوی درجہ کے کسی مضمون کی تدریس میں جدید منتظمہ کو کس طرح استعمال کریں گے۔ مثال کے ساتھ بیان کریں۔
14. رابرٹ ایم گیگنے کے نظریہ برائے اکتساب کے مراحل کو بیان کریں۔
15. پیشہ ورانہ اخلاقیات (Professional Ethics) کیا ہے؟ بحیثیت معلم آپ پیشہ ورانہ اخلاقیات کو کس طرح تصور کرتے ہیں جو اساتذہ کے ذریعہ عمل پیرا ہونا چاہیے؟ تفصیل سے بیان کریں۔

☆☆☆